مضمون: ای کامرس

E-Commerce

اکائی: ۴

بی کام

سالِ اوّل

تیار کردہ و ایڈیٹر

ڈاکٹر محمد سعادت شریف

شعبہ کامرس

نظامت فاصلاتی تعلیم

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

حیدرآباد

Unit - IV

ای ادائیگی نظام

E-Payment System

تمہید

دورِ حاضر میں انٹرنٹ ایک اہم عامل ہے جس کے ذریعہ نہ صرف تجارت کو فروغ حاصل ہوتا ہے بلکہ گھر بیٹھے عالمی سطح کے معلومات کو حاصل کرسکتے ہیں۔ دنیا کے کسی بھی حصے کی خبریں انٹرنٹ کی مدد سے سارے عالم میں پہنچ جاتے ہیں۔ کھیل کود کی خبریں آن لائن نشر کیئے جاتے ہیں، جس کو خواہشمند گھر بیٹھے نظارہ کرسکتے ہیں۔ عالمی سطح کی مختلف اداروں، تنظیموں، عالمی قائدین کے خیالات، نظریات وغیرہ کو بھی آن لائن نشر کیئے جاتے ہیں۔ اسی طرح ہر صنعت کار اپنی پیداوار کے متعلق تمام تفصیلات جیسے پیداوار کی نوعیت شکل، رنگ، قیمت وغیرہ کے متعلق تفصیلی معلومات کو آن لائن فراہم کرتے ہیں۔ آپ جانتے ہیں یہ سب کس طرح انجام پاتا ہے۔ یہ تمام انٹرنٹ کی مدد سے انجام دیئے جاتے ہیں۔ خواہشمند صارف گھر بیٹھے تمام معلومات کو کسی بھی وقت حاصل کرسکتا ہے۔ انٹرنٹ کی مدد سے تجارتی معلومات سے گاہک مطمئین ہونے پر وہ خریداری کے مراحل میں داخل ہوتا ہے۔

ای ادائیگی (E-Payment) کا مفہوم

انٹرنٹ ایک اہم عامل ہے جو کاروبار کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جس طرح آن لائن خریداری میں انٹرنٹ کا سہارا لیا جاتا ہے۔ اسی طرح قیمت یا رقومات کی ادائیگی، رقومات کی منتقلی کے لئے بھی انٹرنٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ انٹرنٹ کی مدد سے رقومات کی ادائیگی یا منتقلی کو الکٹرانک ادائیگی (E-Payment) یا آن لائن ادائیگی (Online Payment) کہتے ہیں۔ انٹرنٹ نہ صرف تجارت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا ہے بلکہ ساتھ ساتھ اس سے متعلق تاجرین صارفین پیداکنندوں وغیرہ کو مختلف سہولتیں بھی فراہم کرتا ہے۔ آن لائن خریداری میں آن لائن ادائیگی سے تاجرین کو بروقت قیمت حاصل ہوتی ہے جس سے تاجرین اور صارفین مطمئین ہوتے ہیں۔ آن لائن میں رقومات کی ادائیگی صارف کے کھاتہ سے عمل میں آتی ہے۔ بینک، گاہک کو کھاتے کے متعلق اہم معلومات کو ایک کارڈ کی شکل میں فراہم کرتا ہے۔ اشیاء وخدمات کی قیمت کو انٹرنٹ کی مدد سے ادا کرسکتے ہیں۔ اس کے لئے انٹرنٹ کے ساتھ ساتھ اسمارٹ فون، ٹیاب، کمپیوٹر وغیرہ اہم آلات کی ضرورت ہوتی ہے جن سے آن لائن رقمی معاملات کیئے جاتے ہیں۔

گاہک (خریدار) کو ای ادائیگی کے فوائد

ای ادائیگی کے ذریعہ خریدار کو حسبِ ذیل اہم فوائد حاصل ہوتے ہیں:

1. رقومات کو اپنے ساتھ رکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
2. آن لائن ادائیگی سے وقت کی کافی بچت ہوتی ہے۔
3. غلط قیمت کی ادائیگی سے محفوظ رہتے ہیں۔

4. کم وقت میں ادائیگی عمل میں آتی ہے جس سے وقت کی بچت ہوتی ہے۔
5. نقدی انتظامیہ میں سہولت پیدا ہوتی ہے۔
6. ادائیگی کے ساتھ ہی گاہک کو فون پر اطلاع حاصل ہوتی ہے۔
7. گاہک آن لائن ادائیگی میں اطمینان اور بھروسہ رکھتا ہے۔
8. گاہک اپنے آپ کو آن لائن میں محفوظ تصور کرتا ہے۔

تاجر (فروخت کنندے) کو ای ادائیگی کے فوائد (Benefit to Seller)

ای ادائیگی کے ذریعہ فروخت کنندے کو حسبِ ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

1. فروخت کنندے کو تیزی سے رقومات حاصل ہوتے ہیں۔
2. راست طور پر اکاؤنٹ میں جمع ہونے سے وقت کی بچت ہوتی ہے۔
3. نقدی انتظامیہ میں بہتری پیدا ہوتی ہے۔
4. ہر شئے کی قیمت مقرر ہوتی ہے جس کے سبب تاجرین محنت سے محفوظ رہتے ہیں۔
5. وقت کی کافی بچت ہوتی ہے۔
6. نقدی کو ہاتھ میں رکھنے کے مشکلات سے محفوظ رہتے ہیں۔
7. دھوکہ، غبن، رقومات کے کھوجانے وغیرہ سے محفوظ رہتے ہیں۔
8. نگرانی کے اخراجات سے بچ جاتے ہیں۔
9. آن لائن میں رقومات خود بخود اکاؤنٹ میں جمع ہوتے ہیں۔ جس سے کسی ملازم کو نقدی وصولی پر مقرر کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

ای ادائیگی کے طریقے یا ماڈل (Model and Method of E-Payment)

انٹرنٹ کی مدد سے آن لائن خریداری اور قیمت کی ادائیگی عمل میں آسکتی ہے۔ رقومات کی منتقلی، محصول، آبرسانی بل، بجلی بل، امتحانات کی فیس کی ادائیگی وغیرہ کے لئے آن لائن خدمات کو استعمال کرتے ہیں۔ آپ نے اپنے داخلہ فیس، امتحانی فیس وغیرہ کی ادائیگی آن لائن کر چکے ہیں۔ آن لائن ادائیگی کے لئے چند عوامل کی ضرورت لاحق ہوتی ہے جن کو ذیل میں بتلایا گیا:

1. بینک میں کھاتہ
2. ڈیبٹ کارڈ یا کریڈیٹ کارڈ
3. اسمارٹ فون، فون
4. انٹرنٹ
5. کوڈ نمبر، پاس ورڈ

الکٹرانک ادائیگی کے لئے استعمال ہونے والے کارڈس

انٹرنٹ کی مدد سے ادئیگی کو الکٹرانک ادائیگی کہتے ہیں۔ تجارت اور لین دین میں سہولت پیدا کرنے کے لئے اس طریقہ کو موزوں سمجھا جاتا ہے۔ یہ ایک کافی کفایتی طریقہ ہے۔ اس طریقہ میں وقت کی بچت کے ساتھ ساتھ کاغذ و دفتری کاموں کی بچت ہوتی ہے۔ اس طریقہ ادائیگی کے لئے گاہک کے لئے بینک کی جانب سے فراہم کیئے جانے والے کارڈ کی ضرورت ہوتی ہے۔ الکٹرانک ادائیگی میں استعمال ہونے والے مختلف کارڈس کو ذیل میں بتلایا گیا ہے:

- ڈیبٹ کارڈ
- کریڈٹ کارڈ
- اسمارٹ کارڈ
- E-Money

ڈیبٹ کارڈ(Debit Card)

ڈیبٹ کارڈ الکٹرانک ادائیگی میں استعمال ہونے والا ایک اہم کارڈ ہے۔ اس کارڈ کو بینک اپنے کھاتہ داروں کے نام جاری کرتا ہے۔ یہ کارڈ پلاسٹک سے بنا ہوا سخت کارڈ ہوتا ہے۔ جس پر مقناطیسی ایک تہہ ہوتی ہے۔ اس کارڈ پر کھاتہ دار کے کھاتہ کے متعلق اہم معلومات کوڈ نمبرات' نام' کارڈ کا قابل استعمال مدت' بینک کے نام وغیرہ درج ہوتے ہیں۔ رقومات جب بینک میں جمع ہوتے ہیں تو گاہک کے کھاتے میں کریڈٹ جانب رقم جمع ہوتی ہے اور جب گاہک رقم نکالتا ہے تو اس نکالی گئی رقم کا اندراج کھاتہ کے ڈیبٹ جانب ہوتا ہے۔ اسی لئے اس کارڈ کو ڈیبٹ کارڈ کہتے ہیں۔ اس کارڈ کو گاہک کی سہولت کے لئے بینک جاری کرتا ہے۔ کسی بھی اے ٹی ایم سے رقم نکال سکتے ہیں یا پھر کسی بھی دوکان میں اشیاء کی خریدی کے لئے کارڈ کو استعمال کرسکتے ہیں۔ گاہک کے بینک کے کھاتے میں ممکنہ رقم موجود ہونا ضروری ہے۔ کھاتہ میں رقم موجود نہ ہونے پر اس کارڈ سے کوئی رقمی یا معاشی معاملہ نہیں کرسکتے۔ اس کارڈ کے لین دین پر کوئی زائد چارجس عائد نہیں ہوتے۔ مرکزی بینک کے ہدایت کے مطابق معمولی نوعیت کے چارجس عائد ہوتے ہیں اس لئے ہر تاجر اور گاہک اس کارڈ کو پسند کرتا ہے۔ ڈیبٹ کارڈ کے ذریعہ آن لائن ادائیگی کرسکتے ہیں۔ ڈیبٹ کارڈ کے ذریعہ ادائیگی کے لئے جس بینک میں کھاتہ ہے اس کے ویب سائٹ کو استعمال کرتے ہوئے نام' رقم کی مقدار' کارڈ نمبر وغیرہ وغیرہ اہم معلومات درج کرتے ہیں۔ آخری مرحلے میں صارف کے فون پر پاس ورڈ آتا ہے، جس کا اندراج کرنے پر رقم ادا ہوتی ہے۔ اس کی اطلاع فون پر حاصل ہوتی ہے۔ اس طرح ڈیبٹ کارڈ کے ذریعہ ادائیگی عمل میں آتی ہے۔

کریڈٹ کارڈ(Credit Card)

کریڈیٹ کارڈ الکٹرانک ادائیگی میں استعمال ہونے والا ایک اہم کارڈ ہے۔ ڈیبٹ کارڈ کی طرح کریڈٹ کارڈ بھی پلاسٹک کا بنا ہوا سخت کارڈ ہوتا ہے۔ جس پر مقناطیس کی تہہ ہوتی ہے۔ اس کارڈ پر کوڈ نمبر' کارڈ کے استعمال کی مدت' بینک کا نام وغیرہ درج ہوتے ہیں۔ اس کارڈ کو حاصل کرنے کے لئے بینک میں کھاتہ رکھنا ضروری نہیں۔ اس کارڈ کو بینک کی جانب سے خواہشمند افراد کو جاری کرتا ہے۔ اس کارڈ کو جاری کرنے سے قبل صارف کے متعلق نام' تفصیلات' پتہ' فون نمبر' آدھار نمبر' مکان نمبر وغیرہ اہم معلومات حاصل کرنے کے بعد متعلقہ شخص کے نام کریڈٹ کارڈ جاری کرتا ہے۔ اس کارڈ کی مدد سے کسی بھی وقت ایک مقررہ رقم بینک سے بطور بدل لے سکتا ہے۔ اور مقررہ مدت میں بینک میں رقم واپس کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس کارڈ پر بینک ایک قلیل مدتی قرض فراہم کرتا ہے۔ اس کارڈ کو سامان کی خریداری کے دوران استعمال کرسکتے ہیں۔ لیکن نقد رقم حاصل کرنے کے لئے استعمال نہیں کرسکتے۔ یعنی سامان کی خریداری کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔ خریداری کے دوران گاہک کی جانب سے بینک فروخت کنندہ کو رقم ادا کرتا ہے۔ قرض کی رقم ایک

محدود رقم ہوتی ہے۔ جس کو بینک قرض کے طور پر جاری کرتی ہے۔ اس رقم کو مقررہ مدت کے اندر بینک کو ادا کرنا لازمی ہوتا ہے۔ اس رقم پر مقررہ شرح سے سود اور بینک کے اخراجات بھی عائد ہوتے ہیں۔Visit Card اورMaster Card وغیرہ چند اہم کریڈیٹ کارڈ کی مثالیں ہیں۔

اسمارٹ کارڈ

دیگر کارڈ کی طرح اسمارٹ کارڈ بھی آن لائن ادائیگی میں استعمال ہونے والا ایک اہم کارڈ ہے۔ یہ کارڈ ڈیبٹ اور کریڈیٹ کارڈ کے مماثل ہوتا ہے۔ یہ کارڈ بھی سخت پلاسٹک کا بنا ہوا ہوتا ہے جس میں گاہک کے نام' کوڈ نمبر' بینک نمبر' کارڈ کو استعمال کرنے کی مدت وغیرہ اہم باتیں درج ہوتے ہیں۔ اس کارڈ میں ایک chip بھی ہوتی ہے جس میں گاہک کے لین دین کے تمام معاملات درج ہوتے ہیں۔ اس کارڈ کو رقم کو جمع کرنے اور رقم کو نکالنے کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔ اس کارڈ کو استعمال کرنے کے لئے گاہک کو ایک PIN نمبر دیا جاتا ہے۔

یہ کارڈ گاہک کے لین دین کے تمام معاملات کو ریکارڈ کرتا ہے۔ یہ استعمال میں کافی آسانی اور کافی کفایتی یعنی کم خرچ والا کارڈ ہے۔ Visa Card اسمارٹ کارڈ کی اہم مثال ہے۔

ای رقم(E-Money)

ای رقم(E-Money) آن لائن رقمی لین دین کا ایک الکٹرانک طریقہ ہے۔ اس طریقہ میں نٹ ورک کی مدد سے درمیانی شخص کی مدد کے بغیر ایک مالیاتی ادارہ(Financial Body) کسی دوسرے مالیاتی ادارے کو رقم منتقل کرسکتا ہے۔ اس طریقہ میں ایک مالیاتی ادارہ راست طور پر کسی دوسرے مالیاتی ادارے کو ضروری رقم کو کافی تیزی کے ساتھ منتقل کرتے ہیں۔ اس طریقہ میں وقت اور اخراجات کی کفایت ہوتی ہے۔

کریڈیٹ' ڈیبٹ' اسمارٹ کارڈ وغیرہ آن لائن رقمی لین دین کی مثالیں ہیں۔ ای رقم بھی اس کا اہم حصہ ہے۔

Electronic Fund Transfer (EFT)

الکٹرانک ادائیگی کا یہ ایک مشہور طریقہ ہے۔ اس طریقہ کے تحت گاہک انٹرنٹ کو استعمال کرتے ہوئے بینک کی جانب سے فراہم کردہ مراحل کو اختیار کرتے ہوئے اپنے کھاتہ میں سے رقم دوسرے شخص کے کھاتہ میں رقم منتقل کرسکتے ہیں، جس شخص کو رقم منتقل کرنا ہے وہ شخص کسی بھی بینک کا کھاتہ دار ہوسکتا ہے۔ ویب سائٹ پر بینک کی جانب سے مراحل مقرر ہوتے ہیں۔ جس شخص کو منتقل کرنا ہے اس شخص کا نام' کھاتہ نمبر' فون نمبر' ای میل' بینک کا کوڈ نمبر' پتہ وغیرہ درج کرتے ہیں۔ پھر متعلقہ رقم درج کے بعد پاس ورڈ کو اندراج کرنے سے رقم منتقل ہوتی ہے۔ آج کل رقم کی منتقلی کے ساتھ ہی فون پر تحریری طور پر اطلاع بھی آجاتی ہے۔ رقومات کی منتقلی یہ ایک کافی بہتر طریقہ ہے۔ اس سہولت سے مستفید ہونے کے لئے خواہشمند کھاتہ دار بینک سے ضروری پن نمبر وغیرہ حاصل کرتے ہیں۔ ضرورت پر کسی بھی بینک کے کھاتہ دار شخص کو اپنے کھاتہ میں سے رقومات کو آن لائن منتقل کرسکتے ہیں۔ دن اور رات کے کسی بھی وقت رقومات کو منتقل کرسکتے ہیں۔ وقت کی کوئی قید نہیں ہوتی۔ رقومات کی منتقلی کے ساتھ ہی فون پر اس کی اطلاع بھی حاصل ہوتی ہے۔ اس طرح کھاتہ دار مطمئین ہوتا ہے۔

رقومات کی ادائیگی کا باب الداخلہ

Payment Gateway

تمہید

آج کے جدید دور میں روایتی طریقہ کار کو نظر انداز کرتے ہوئے دورِ جدید کے جدید طریقوں کو ہر میدان میں استعمال کر رہے ہیں۔ بینک اپنے رقمی معاملات کو بہتر طور پر انجام دینے اور گاہکوں کو سہولتیں فراہم کرنے کے لئے جدید سے جدید ٹکنالوجی کو استعمال کر رہے ہیں۔ دورِ حاضر میں انٹرنٹ کی مدد سے آن لائن لین دین کو فروغ دیا جارہا ہے۔ دنیا کے ہر چھوٹے و بڑے تاجرین ٹکنالوجی کو بہتر سے بہتر طور پر استعمال کرنے کو ترجیحی دے رہے ہیں۔ صنعتکاروں تاجرین و بینک وغیرہ کو ضرورت کے اعتبار سے سافٹ ویئر کمپنیاں سافٹ ویئر تیار کرتے ہیں جن کو استعمال کرتے ہوئے لین دین میں شفافیت لائی جاتی ہے۔ ہر وہ تاجر کامیابی سے ہمکنار ہو رہا ہے جس نے عصری آلات و ٹکنالوجی کو بہتر سے بہتر طور پر استعمال کر رہا ہے۔ ٹکنالوجی کے استعمال سے لاگتوں میں تخفیف کے ساتھ ساتھ گاہکوں کو کفایتی قیمت میں مال فراہم ہوتا ہے۔

مفہوم

آن لائن ادائیگیوں کے لئے گاہک اور تاجر کے درمیان رقومات کی منتقلی کے لئے درمیانی سطح پر فراہم کی جانے والی خدمات کو Payment Gateway کہتے ہیں۔ یہ تاجر اور گاہک کے درمیان رقومات کی منتقلی میں مدد کرتا ہے اور انٹرنٹ کی مدد سے یہ تمام اطلاعات متعلقہ افراد کو پہنچ جاتے ہیں۔

ادائیگی کا باب الداخلہ یعنی Payment Gateway دراصل ای کامرس کا حصہ ہے جو کاروبار میں رقمی لین دین میں خدمات فراہم کرتا ہے۔ یہ راستہ یا دروازہ کی طرح ہے جہاں سے رقومات کی ادائیگی عمل میں آتی ہے۔ کریڈیٹ کارڈس و آن لائن لین دین کے ضروری معاملات کو Payment Gateway کے ذریعہ پہنچائے جاتے ہیں۔ یہ وہ راستہ ہے جہاں سے لین دین کو آن لائن انجام دے سکتے ہیں۔ یہ خریدار اور تاجر کے درمیان خدمات فراہم کرنے والا تیسرا رکن ہوتا ہے جو ٹکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے درکار سہولتیں فراہم کرتا ہے۔ یہ کریڈیٹ کارڈ یا الکٹرانک ادائیگیوں کے دیگر آلات کو قبول کرتا ہے۔

Payment Gateway مکمل طور پر digital معاملہ ہے۔ یہ تمام لین دین کے معاملات کو محفوظ طریقہ سے متعلقہ افراد کو منتقل کرتا ہے اور لین دین میں سہولت پیدا کرتا ہے۔ یہ اپنے خدمات کے سلسلے میں چارجس وصول کرتا ہے۔ یہ خریدار اور فروخت کنندہ کے درمیان برج کا کام کرتا ہے جو دونوں کو رقمی لین دین میں جوڑے رکھتا ہے۔

فروخت کنندہ اور خریدار ویب سائٹس جڑے ہوتے ہیں۔ Payment Gateway کی مدد سے آن لائن ادائیگی عمل میں آتی ہے۔ PayPal، Google Wallet، Apple Pay، Ali Pay، Amazon Pay چند اہم Payment Gateways ہیں۔

Payment Gateway بالواسطہ طور پر صارف کے بینک اکاؤنٹ اور کریڈیٹ کارڈ کو آن لائن استعمال کرتا ہے جس کی مدد سے رقومات منتقل ہوتے ہیں۔ رقومات کی ادائیگی Payment Gateway سے ہوتے ہوئے عمل میں آتی ہے۔ یعنی آن لائن رقومات کی ادائیگی یا منتقلی

کے لئے ادائیگی کا باب الداخلہ (Payment Gateway) کی مدد لی جاتی ہے۔ یہ رقم ادا کرنے والے شخص اور رقم حاصل کرنے والے شخص کے درمیان صرف رقومات کی منتقلی میں مدد کرتا ہے۔ یہ ایک سافٹ ویئر ہے جو رقومات کو حفاظت کے ساتھ متعلقہ شخص کو منتقل کرتا ہے۔

آن لائن بینکنگ(Online Banking)

تمہید

انٹرنٹ کا استعمال تعلیمی، تجارتی، طب، کھیل کود وغیرہ ہر میدان میں عام ہوتا جارہا ہے۔ بینک اپنے معاملات، رقمی لین دین وغیرہ کو آن لائن فراہم کرنے کے لئے انٹرنٹ اور دیگر سافٹ ویئر کو استعمال کرتا ہے۔ روایتی طور پر بینک میں جمع کرنے اور نکالنے کے لے مختص ایام کار میں بینک کو جانا ضروری تھا۔ دفتری اوقات مقرر تھے۔ دفتری اوقات کے بعد کسی بھی قسم کے رقمی لین دین عمل میں نہیں آسکتے۔ سائنسی تجربات وایجادات نے معیشت کے ہر میدان میں کافی تبدیلیاں پیدا کیئے ہیں۔ محصول یا ٹیکس، فیس، کرایہ، کرنٹ بل، سفری بل، ریلوے، بس، ہوائی جہاز کی بکنگ وغیرہ آن لائن انجام دے سکتے ہیں۔

مفہوم

انٹرنٹ کی بڑھتی رفتار نے معیشت کے ہر میدان کو کافی تیز رفتار بنادیا۔ بینک ایک اہم مالیاتی ادارہ ہے۔ بینک اپنے تمام معاملات کو Digitalized کرنے کے لئے انٹرنٹ کا استعمال کرنے لگا۔ انٹرنٹ کی مدد سے رقمی معاملات آن لائن دستیاب رہتے ہیں۔ اسی لئے Online Banking کو انٹرنٹ بینکنگ بھی کہتے ہیں۔ الکٹرانک یعنی انٹرنٹ کی مدد سے گاہک اپنے کھاتہ سے جڑ جاتا ہے اور رقومات کو منتقل کرنے اور اخراجات ادا کرنے کے لئے استعمال کرتا ہے۔ سافٹ ویئر انفرادی طور پر کھاتہ دار کو اور ساتھ ہی کارپوریٹ دوسرے مالیاتی گھروں کو بھی مالی لین دین کے اطلاعات فراہم کرتا ہے۔

آن لائن بینکنگ میں انٹرنٹ کی مدد سے گاہکوں کو رقومات جمع کرنے، نکالنے اور دوسرے ادائیگیاں کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے اور اپنے کھاتہ کے متعلق تفصیلات کو معلوم کرسکتے ہیں۔ گاہک کو بینک تک جانے کی ضرورت نہیں، بلکہ اپنے ہی مقام سے وہ رقمی معاملات انجام دے سکتا ہے۔

آن لائن بینکنگ کے لئے انٹرنٹ، کمپیوٹر وغیرہ اہم آلات کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ گاہک کا کمپیوٹر پر تعلیم یافتہ ہونا بھی ضروری ہوتا ہے۔

آن لائن بینک کاری(Online Banking)

بینک ایک اہم مالیاتی ادارہ ہے جہاں پر بینک کے گاہک (کھاتہ دار) بینک میں اپنے فاضل رقومات کو جمع کرتے ہیں اور ضرورت پر نکال لیتے ہیں۔ روایتی طریقہ پر رقومات کو جمع کرنے اور نکالنے کے لئے کھاتہ دار کا بینک کو آنا ضروری ہوتا ہے۔ لیکن انٹرنٹ کی ایجاد کے سبب بینک کے استعمال میں بھی سہولت پیدا ہوئی ہے۔ کھاتہ داروں کو سہولت فراہم کرنے کے لئے بینک ضروری اہم کوڈ نمبر، پن نمبر وغیرہ گاہک کو فراہم کرتا ہے، جس کو گھر بیٹھے گاہک ضرورت پر استعمال کرتے ہوئے لین دین انجام دے سکتا ہے۔ آن لائن بینک کاری دراصل بینک کی جانب سے صارفین کو دی جانے والی سہولت ہے جس کو انٹرنٹ کے سہارے اپنے کھاتہ سے رقومات کو منتقل کرسکتا ہے۔

آن لائن خریداری کی صورت میں قیمت کی ادائیگی کے لئے بینک کی جانب سے بتلائے گئے مراحل پر عمل کرتے ہوئے اپنے کھاتہ سے قیمت ادا کرسکتا ہے۔ صرف رقومات کی ادائیگی نہیں بلکہ گاہک گھر بیٹھے، نل کی بل، ٹیکس کی ادائیگی، بیمہ کی ادائیگی، ریلوے، بس، ہوائی جہاز میں سفر کے لے

سیٹوں کی بکنگ وغیرہ کے لئے بینک کاری کے آن لائن سہولتوں کو استعمال کرتے ہیں۔ انٹرنٹ بینک کاری کے لئے سافٹ ویئر کمپنیوں کی جانب سے سافٹ ویئر تیار کیئے جاتے ہیں۔ ان کی مدد سے گاہک کو اپنے کھاتہ کے لین دین جیسے کھاتہ میں موجود رقم کی مقدار، حاصل سود کی رقم، نکالے گئے رقم کی مقدار، لین دین کا اسٹیٹمنٹ وغیرہ تمام معلومات کو گھر بیٹھے حاصل کرسکتے ہیں۔

آن لائن بینک کاری کی تعریف (Definition of Online Banking)

انٹرنٹ کی مدد سے گاہک یا کھاتہ دار کی جانب سے کی جانے والی رقم لین دین کو آن لائن بینک کاری کہتے ہیں۔ اس کو انٹرنٹ بینکنگ یا Web Banking بھی کہتے ہیں۔

آن لائن بینک کاری کی اہمیت

بینکوں میں انٹرنٹ کے استعمال سے بینک کے کاموں میں شفافیت آچکی ہے۔ آن لائن بینک کی وجہ سے دو بینکوں کے درمیان یا گاہک اور بینک کے درمیان لین دین میں سہولت پیدا ہوتی ہے۔ رقومایت کی بروقت منتقلی کے لئے کافی مددگار ثابت ہوتی ہے۔ تعلیم یافتہ طبقہ خاص کر کمپیوٹر سے واقف طبقہ اپنے تمام لین دین کارڈ کے ذریعہ انجام دیتے ہیں۔ ہوٹل، بیکری، دودھ گھر، کرانہ دوکان، ملبوسات، پٹرول بھرتی وغیرہ کے لئے کارڈ کے ذریعہ ادائیگی عمل میں لاتے ہیں۔ رقومات کے غلط کھاتوں میں منتقلی، رشوت خوری جیسے سماجی بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اس طریقہ لین دین میں بینک، گاہک، تاجرین، سماج وغیرہ کو کافی سہولت پیدا ہوتی ہے، خاص کر تجارتی میدان میں اس کو کافی اہمیت حاصل ہے۔ آج کے دور میں ہر شخص اپنے مقام سے ہی لین دین انجام دینا چاہتا ہے۔ وقت کی بچت کے ساتھ ساتھ کام میں کفایت اندازی پر شخص کا اہم مقصد ہے۔ ان مقاصد کی تکمیل میں آن لائن بینک کاری مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ گاہکوں کو وقت کی بچت کے ساتھ ساتھ بینک کے کام میں بھی بچت ہوتی ہے۔ یہ دونوں کو اوقات کا بہتر استعمال کا موقع فراہم ہوتا ہے۔ آن لائن بینک کاری کے سبب آلودگی اور ٹریفک کے مسائل سے محفوظ رہتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ یہ قدرتی وسائل کا تحفظ بھی کرتا ہے۔ بالواسطہ طور پر یہ سماج میں بہتری کو فروغ دینے میں مدد دیتا ہے۔

ای بینکنگ کے فوائد(Benefits of E-Banking)

ای بینکنگ کے چند فوائد کو ذیل میں بتلایا گیا:

1. ای بینکنگ میں گاہک تاجرین اور بینک کے کام میں کمی واقع ہوتی ہے۔
2. ای بینکنگ سے وقت کی بچت ہوتی ہے اور اخراجات میں کفایت ہوتی ہے۔
3. گاہکوں میں اطمینان پیدا ہوتا ہے۔
4. غلطیوں کے امکانات نہیں پائے جاتے۔
5. کاغذی کام نہ ہونے کے برابر ہے۔اس لئے اخراجات میں کمی واقع ہوتی ہے۔
6. معاشی لین دین میں کوئی علاقائی، رکاوٹیں پیدا نہیں ہوتے۔
7. گاہک گھر بیٹھے اپنے لین دین کے متعلق مکمل معلومات حاصل کر سکتا ہے۔
8. غبن، دھوکہ وغیرہ کے امکانات نہیں پائے جاتے۔
9. انتظامی اخراجات میں کمی واقع ہوتی ہے۔
10. گاہک اپنی سہولت سے دن اور رات کے کسی بھی وقت رقمی معاملات انجام دے سکتا ہے۔ وقت کی کوئی قید نہیں ہوتی۔ جس کی بدولت وقت کی بچت ہوتی ہے۔
11. گاہک اپنے کھاتہ کے متعلق مکمل معلومات کو کسی بھی وقت جانچ سکتا ہے۔
12. بینکوں میں گاہکوں کی تعداد کم ہونے سے بینک کے کئی اخراجات میں کفایت ہوتی ہے۔
13. بینکوں میں دفتری اور کاغذی کام میں کفایت ہوتی ہے۔
14. گاہکوں کو وقت کی بچت ہوتی ہے۔

ای ادائیگی میں جوکھم(Risk in E-Payment)

کاروبار میں جوکھم ایک اہم عامل ہے۔ اسی طرح بینک کے بعض معاملات میں بھی جوکھم پائے جاتے ہیں۔ روایتی طرز کے بینک میں گاہک کافی محفوظ تصور کرتا ہے۔ لیکن بعض اوقات آن لائن بینکنگ سسٹم کو غیر محفوظ تصور کرتا ہے۔ جوکھم سے محفوظ رکھنے کے لئے بینک مختلف اقسام کے اقدامات کرتا ہے۔اس کے باوجود ٹکنالوجی کی ترقی نے ہر راز کو افشاء کرنے کے جدید طریقے نکال لیتا ہے۔اسی لئے گاہک ای ادائیگیاں کرنے میں غیر محفوظ تصور کرتے ہیں۔ کمپیوٹر پر انٹرنٹ کی مدد سے مختلف نوعیت کے حملے ہوتے رہتے ہیں جس کے سبب آن لائن کے تمام لین دین سے حملہ آور واقف ہو سکتا ہے۔ گاہکوں کے پاس ورڈ کی چوری، کھاتہ سے رقومات کی منتقلی وغیرہ ایسے امور ہیں جن سے گاہک کو محفوظ رہنا ضروری ہوتا ہے۔چند چالاک حملہ آور خفیہ مقامات پر بیٹھ کر انٹرنٹ کی مدد سے گاہکوں کے خفیہ معلومات کو حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ان معلومات کو حاصل کرتے ہی وہ رقومات کو نکال لیتے ہیں جس سے گاہک بے خبر رہتا ہے، اس لئے پن نمبر کی چوری، رقومات کا نکال لینا وغیرہ ایسے جوکھم ہیں جن سے گاہک کو محفوظ رہنا بے حد ضروری ہے۔ کس مقام سے کس وقت یہ حملے ہوتے ہیں یہ معلوم کرنا یا بروقت اس کی جانکاری حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے۔ حملہ آوروں کے نئے نئے طریقوں سے گاہکوں کے اہم نمبرات کا سرقہ کرتے ہوئے کھاتہ سے رقومات کو نکال لیتے ہیں۔ ایک باشعور گاہک اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کے لئے کافی احتیاطی تدابیر اختیار کرتا ہے۔ گاہک شعوری حالت میں احتیاط سے گریز کرتا ہے جس کے سبب حملہ آوروں تک آسانی سے رسائی کر لیتا ہے۔

خلاصہ

انٹرنٹ کی مدد سے رقمی ادائیگی کو الکٹرانک ادائیگی کہتے ہیں۔ آن لائن خرید و فروخت کے سبب الکٹرانک ادائیگی تجارت کا ایک ضروری حصہ بن چکا ہے۔ الکٹرانک ادائیگی کے ذریعہ گاہک اور تاجرین کو وقت کی بچت کے ساتھ ساتھ کافی مالی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔ ڈیبٹ ' کریڈٹ ' اسمارٹ کارڈ وغیرہ آن لائن ادائیگی میں استعمال ہونے والے اہم کارڈ میں الکٹرانک کے ذریعہ ادائیگی میں صارف اور تاجر مطمئین ہوتے ہیں۔ تعلیم یافتہ طبقہ خاص کر کمپیوٹر پر عبور رکھنے والا طبقہ آن لائن ادائیگی سے مستفید ہو سکتا ہے۔ زیادہ تر نوجوان طبقہ اس سہولتوں کو بہتر طور پر استعمال کرتے ہیں۔ گھریلو خرید و فروخت ' رقومات کی منتقلی وغیرہ میں مختلف کارڈس کو استعمال کرتے ہیں۔ خفیہ طور پر چند حملہ آور موجود ہوتے ہیں جو آن لائن لین دین کے دوران پن نمبر ' کوڈ نمبر ' اکاؤنٹ نمبر وغیرہ کی چوری کے ذریعہ رقومات کو اپنے ذاتی صرف میں استعمال کر لیتے ہیں جن سے گاہک بے خبر رہتا ہے، یہ ایک جوکھم ہے ان جوکھم کو کم کرنے کے لئے ٹکنالوجی میں تبدیلی لائی جاتی رہی ہے۔ ہر ایک گاہک پر حملہ آور حملہ نہیں کرتا بلکہ موقع و دیگر حالات کو دیکھتے ہوئے نمبرات کا سرقہ کرلیتا ہے۔

اپنے معلومات کی جانچ کیجئے۔

خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1. آن لائن ادائیگی میں استعمال ہونے والے چند اہم کارڈ__________ ہیں۔
2. EFTکا پھیلاؤ____________ہے۔

مشقی سوالات

1. الکٹرانک ادائیگی کی تعریف کرتے ہوئے اس کے فوائد بیان کیجئے۔
2. الکٹرانک ادائیگی کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجئے۔